# 2188 ـ ايك عيسائی كے گھر ميں تھا كہ نماز كا وقت ہو گيا

**سوال**

بعض اوقات ميں كسی عيسائی كے گھر ميں ہوتا ہوں تو نماز كا وقت ہو جاتا ہے، اور ميں اپنی جائے نماز لے كر ان كے سامنے نماز ادا كرنا شروع كر ديتا ہوں، تو كيا ميری نماز صحيح ہے، كيونكہ نماز عيسائی كے گھر ميں ادا كی گئی ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

جی ہاں آپ كی نماز صحيح ہے، اللہ تعالی آپ كو اپنی اطاعت كرنے كی حرص اور بھی زيادہ فرمائے، اور خاص كر نماز پنچگانہ كو صحيح اوقات ميں ادا كرنے كی توفيق نصيب فرمائے، واجب يہ ہے كہ آپ نماز باجماعت ادا كرنے كی كوشش كريں، اور حسب استطاعت مساجد ميں نماز ادا كر كے مساجد كو آباد كريں.